# گلدستۂ اخبار

—— حسب دستور سابق قادیانی سیرتی جلسے ۸۔ نومبر کو تھے۔ امرتسر میں جلسہ نہیں ہو سکا اس لئے ۲۲۔ نومبر کو قادیان سے مرزائی آئے۔ شہر سے باہر جلسہ کیا۔ سوائے مرزائیوں کے کسی نے شرکت نہ کی۔ فساد کا خطرہ ہونے کے باعث پولیس کا پہرہ زبردست تھا۔

—— خلیفہ قادیان آجکل گردش میں ہیں کبھی لاہور کبھی سیالکوٹ کبھی دہلی وغیرہ۔

—— مہاراجہ کشمیر نے نئے اعلان کی رو سے دلال کمیشن توڑ کر ابتدائی حقوق کے لئے مسٹر گلینسی کی صدارت میں ایک کمیٹی مقرر کی ہے جس میں دو ہندو دو مسلمان لئے گئے ہیں۔

—— کشمیر کو جتھے جانے کیلئے سول نافرمانی جاری ہے۔ چنانچہ ۲۶۔ نومبر تک ۱۶۹۹ احرار اسلام گرفتار ہو چکے ہیں۔

—— کشمیر ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں مولانا داؤد غزنوی۔ مولانا حبیب الرحمٰن۔ مولانا احمد علی لاہوری اور سیالکوٹ کے تین مسلمان میونسپل کمشنر گرفتار ہو چکے ہیں۔

—— نواب صاحب رامپور نے اپنی سالگرہ کی خوشی میں پونے دو لاکھ روپیہ مالیہ میں معاف کرنے کا اعلان کیا ہے۔

—— گول میز کانفرنس ختم ہو گئی ہے نمایندگان واپس ہندوستان کو آ رہے ہیں۔

—— شہزادہ اعظم جاہ ولی عہد دکن اور شہزادہ معظم جاہ کی شادیاں ۱۲۔ نومبر کو مقام نیس میں سابق سلطان عبد المجید خان کی لڑکی و بھتیجی سے ہوئیں۔ نکاح خود سلطان مصروف نے پڑھا۔

—— لندن میں کوئلہ کی کان میں دھماکا ہونے سے ۱۱۔ آدمی مر گئے ۴۰ زخمی ہوئے۔

**شکریہ** اصحاب ذیل نے مرقع کے خریدار بہم پہنچائے ہیں جنکے ہم مشکور ہیں۔ امید ہے باقی احباب بھی اپنے اپنے حلقہ اثر میں اسکی توسیع اشاعت میں کوشش کر کے اخلاقی فرض ادا کرینگے۔

مہر خیر الدین ۳ خریدار۔ مولوی نور الٰہی گھر جاکھی ۲ خریدار۔ قاضی شیخ احمد۔ بابو عبد الکریم میرٹھی۔ حکیم عبد الرحمٰن۔ مولوی اسماعیل محمد اللہ (گوجرانوالہ) نے ایک ایک خریدار بنایا ہے۔